No. of Printed Pages : 6 **MUD-002**

# M.A. (Urdu) (MAUD)

## Term-End Examination

## June, 2025

## MUD-002 : Urdu Ghazal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ امام بخش ناسخ کی غزل گوئی کی خصوصیات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔





یا

بہادر شاہ ظفرؔ کے حالات زندگی کو پیش کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

۲۔ شیخ قلندر شاہ جرأت کے حالات زندگی کو بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی سے بحث کیجیے۔

یا

فانی بدایونی کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۳۔ یاس یگانہ چنگیزی کی غزل گوئی کی خصوصیات کو مدل واضح کیجئے۔

یا

مصحفی کی حیات پر مختصراً گفتگو کرتے ہوئے ان کی غزلوں کی خصوصیات پر ایک جامع مضمون تحریر کیجئے۔

۴۔ غزل کی تعریف کیجئے اور اس کی صنفی خصوصیات کو مفصل بیان کیجئے۔

یا

دکنی غزل کی فنی خصوصیات پر اظہار خیال کیجئے۔





۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔

جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

زنداں میں بھی شورش نہ گئی اپنے جنوں کی
اب سنگ مداوا ہے اس آشفتہ سری کا

اپنی تو جہاں آنکھ لڑی پھر وہیں دیکھو
آئینے کو لپکا ہے پریشاں نظری کا

لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام

آفاق کی اس کار گہہ شیشہ گری کا

یا

خاطر سے یا لحاظ سے میں مان تو گیا

جھوٹی قسم سے آپ کا ایمان تو گیا

دل لے کے مفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں

الٹی شکائتیں ہوئیں احسان تو گیا

دیکھا ہے بت کدے میں جو اے شیخ کچھ نہ پوچھ

ایمان کی تو یہ ہے کہ ایمان تو گیا





افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں

لیکن اسے جتا تو دیا جان تو گیا

ہوش و حواش و تاب و تواں داغؔ جا چکے

اب ہم بھی جانے والے ہیں سامان تو گیا

×××××××